20 مئی 2020ء

بدھ 27 مئی 2020ء کو بینکوں، مائیکرو فنانس بینکوں کی منتخب برانچیں کھلی رہیں گی

عیدالفطر کے موقع پر طویل تعطیلات کے دوران عوام کے لیے محدود بینکاری خدمات کی پوری طرح دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینک، مائیکرو فنانس بینک اپنی صوابدید پر پاکستان بھر میں مختلف کاروباری مراکز، تجارتی مقامات وغیرہ پر بدھ 27 مئی 2020ء کو اپنی منتخب برانچیں کھول سکتے ہیں۔ تاہم، واضح رہے کہ مذکورہ تاریخ پر آر ٹی جی ایس اور نفٹ (NIFT) کے ذریعے کلیئرنگ دستیاب نہیں ہوگی۔ لہٰذا، کلیئرنگ کے لیے جمعرات 28 مئی 2020ء کو نفٹ، برانچوں سے مالی دستاویزات وصول کرے گا۔

اس مقصد کے لیے بینکوں، مائیکرو فنانس بینکوں کو چاہیے کہ وہ کام کی ہموار طور پر انجام دہی کے لیے مذکورہ تاریخ پر اپنی منتخب برانچوں میں کم سے کم ضروری عملے کی تعیناتی کو یقینی بنائیں۔

****